سوال نمبر۔13252

منجانب:۔ جناب سردار حسین بابک صاحب رُکن، صوبائی اسمبلی، خیبر پختونخواہ

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ارشاد فرمائیں گے کہ

| نمبر شمار | سوالات | جوابات |
|---|---|---|
| (الف) | اشیائی ترقیاتی پروگرام کے تحت صوبے میں کل کتنی کلومیٹر سڑکیں تعمیر ہوں گی۔ اس مد میں صوبے کو کل کتنا قرضہ ملا یا ملنے کا وعدہ ہے۔ اس پر کل کتنا مارک اپ ہوگا۔ | اشیائی ترقیاتی پروگرام کے تعاون سے صوبے میں ADP Scheme No 1631/200008 (Khyber Pakhtunkhwa Rural Roads Development Projects KP-RRDP) (ADB Assisted) کے تحت کل 1337 کلومیٹر سڑکوں کی تعمیر ہوگی۔ ان 1337 کلومیٹر سڑکوں پر کل 55000 ملین خرچ ہوں گے۔ اس قرضے کی شرح سود اور اس کی واپسی کے عرصے کے وقت کا تعین معاہدے کے وقت کیا جائے گا۔ |
| (ب)۔ | صوبے میں اس قرضہ اسکیم کے تحت کن حلقوں میں کل کتنی کلومیٹر سڑکیں تعمیر ہوں گی۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔ | صوبے میں سڑکوں کی تقسیم کے طریقہ کار کے حوالے سے ہر حلقے کے منتخب نمائندوں کے ذریعے سڑکوں کی نشاندہی کروائی گئی۔ جن کی کل لمبائی 1337 کلو میٹر تھی اور اس کے بعد کنسلٹنٹ کے ذریعے ان تمام سڑکوں کی (Pre-Feasibility) کروائی گئی۔ جو کہ ADB کو جمع کروائی جا چکی ہے۔ جس میں ADB 1337 کلومیٹر سڑکوں کو تعمیر کے لئے منتخب کرے گا۔ |